# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 13 April-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۳/مارچ ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** **** *****

## ::::::سرخیاں::::::

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ ہماری حکومت دُرگ راج رائے گڑھ کو نہ صرف سیاحوں کی توجہ کا مرکز بلکہ ایک نصیحت آموز مقام بنانے کے لئے پُرعزم ہے۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کی یقین دہانی۔

☆ ریاستی حکومت بحرہ عرب میں چھترپتی شیواجی مہاراج کی یادگار کی تعمیر مکمل کرنے کی ہر ممکن کوشش کرے گی۔ وزیر اعلیٰ پھڑنویس کا تیقن۔

☆ بھارت رتن ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کی 134 ویں سالگرہ کے موقع پر مختلف پروگرامس کا انعقاد۔

☆ ہنومان جینتی کل ہر طرف منائی گئی عقیدت کے ساتھ۔

اور۔۔۔☆ بھارت نے امریکہ میں منعقدہ تیر اندازی کے عالمی کپ کے ابتدائی مقابلوں کے Compound Mixed Team Event میں جیتا سونے کا تمغہ۔

***** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ ان کی حکومت دُرگ راج رائے گڑھ کو نہ صرف سیاحوں کی توجہ کا بلکہ ایک نصیحت آموز مقام بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ وزیر موصوف کل رائے گڑھ میں چھترپتی شیواجی مہاراج کی 345 ویں برسی کے موقع پر ایک تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کو ہدایت دی کہ وہ اقدامات کریں تاکہ اسکولی طلباء ذاتی طور پر رائے گڑھ آئیں۔ امت شاہ نے اپیل کی کہ چھترپتی شیواجی مہاراج کے نظریات آفاقی ہیں اور انہیں مہاراشٹر تک محدود نہیں کیا جانا چاہئے۔ انہوں نے کہا۔(بائٹ امت شاہ)

اس موقع پر اپنی تقریر کے دوران وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے اعلان کیا کہ ان کی حکومت چھترپتی کے شایان شان تاریخ لکھنے کا کام کرے گی۔ انہوں نے بتایا کہ بحرہ عرب میں شیواجی مہاراج کی یادگار بنانے کا منصوبہ قانونی چیلنجز کی وجہ سے رُکا ہوا ہے۔ پھڑنویس نے یقین دلایا کہ وہ اس یادگار کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کی پوری کوشش کریں گے۔ انہوں نے دلّی میں بھی شیواجی مہاراج کی یادگار بنانے کے لئے امت شاہ سے مطالبہ کیا۔

***** **** *****

چھترپتی شیواجی مہاراج کی نسل سے تعلق رکھنے والے رکن پارلیمان اُدین راجے بھوسلے نے اس موقع پر اپنے خطاب کے دوران شیواجی مہاراج سے متعلق سیاحتی مقامات کا سرکٹ تیار کرنے کا مطالبہ کیا۔

اس سے قبل امت شاہ نے پاچاڑ میں راج ماتا جیجابائی کی سمادھی پر گلہائے عقیدت پیش کئے۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ راج ماتا جیجاؤ نے نہ صرف شیواجی مہاراج کو جنم دیا بلکہ انہیں ہندوی سوراج کے قیام اور آزادی کا نظریہ بھی دیا۔

اس دوران، امت شاہ نے کل ممبئی میں ایک گجراتی ہفتے وار میگزین چتر لیکھا کے 75 ویں یوم تاسیس کے موقع پر ایک تقریب میں شرکت کی اور مذکورہ میگزین کے مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

***** **** *****

فی الحال ملک بھر میں نیوٹریشن پندھرواڑہ منا جا رہا ہے۔اس پروگرام کے تحت حاملہ اور دودھ پلانے والی ماؤں اور نومولود بچوں کے لئے صحت بخش خوراک فراہم کرنے پر زور دیا جا رہا ہے۔اہلیہ نگر دیہی کے بہبود اطفال محکمے کے پروجیکٹ افسر دیپک مہترے نے اس سلسلے میں بتایا کہ آنگن واڑی سیوکہ ایپ میں نیوٹرن ٹریکر نامی نئی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ جسے بینفشری ماڈل کہا جاتا ہے۔اس کے ذریعے فائدے کی اہل خواتین اور بچوں کا رجسٹریشن کیا جا سکتا ہے۔

***** **** *****

بھارت رتن ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر کی 134 ویں سالگرہ کل 14 اپریل کو منائی جا رہی ہے۔نئی نسل کو باباصاحب کے کارناموں سے متعارف کرانے اور سماجی مساوات کا پیغام عوام تک پہنچانے کے لیے محکمہ سیاحت 14 اور 15 اپریل کو ممبئی، ناسک اور ناگپور میں سلسلہ وار تقاریب کا انعقاد کرے گا۔جس میں ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر ٹور سرکٹ بھی شامل ہے۔ ریاست کے وزیر سیاحت شمبھوراج دیسائی نے بتایا کہ اس ٹور میں باباصاحب کی زندگی سے متعلق اہم مقامات کو شامل کیا گیا ہے اور ان ٹورس کا انعقاد مفت کیا جا رہا ہے۔

اسی طرح آج ریاست کے تمام اضلاع میں جئے بھیم پدیاترا کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔مرکزی اور ریاستی حکومتوں کی ہدایات کے مطابق ضلعی سطح پر یہ پدیاترا شاندار طریقے سے منائی جائے گی۔دھاراشیو، بیڑ اور ناندیڑ اضلاع میں اس پدیاترا کا آغاز ڈسٹرکٹ اسپورٹس کامپلیکس سے ہوگا جبکہ لاتور ضلع میں اس کی شروعات دیانند کالج گراؤنڈ سے ہوگی۔امبیڈکر جینتی کی مناسبت سے، بھارتیہ کمیونسٹ پارٹی، چھترپتی سمبھاجی نگر کے طلباء میں تعلیم کے لئے ضروری سامان تقسیم کرے گی۔

اس موقع پر شہریان سے کم از کم ایک نوٹ بک اور قلم عطیہ کرنے کی اپیل کی گئی ہے۔تعلیمی سامان کی تقسیم کی خاطر پیٹھن گیٹ علاقے میں ایک پلیٹ فارم قائم کیا گیا ہے۔

***** **** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** **** *****

سنوادمراٹھواڑیانشی ،یعنی مراٹھواڑہ سے بات چیت ،اس پروگرام کے پہلے دن چھتر پتی سمبھا جی نگر کے ڈویژنل کمشنر دلیپ گاوڑے نے مراٹھواڑہ کے آٹھ اضلاع میں Maharashtra State Rural Liklihood Improvement Mission کے استفادہ کنندگان سے بات چیت کی۔ ٹیلی ویژن پر نشر کئے جانے والے اس پروگرام میں سیلف ہیلپ گروپس کی خواتین نے اپنے مسائل پیش کئے۔ڈویژنل کمشنر نے ان مسائل کو فوری طور پر حل کرنے کی ماتحت افسران کو ہدایت دی۔اس پہل کے تحت ڈویژنل کمشنر آئندہ 16 اپریل کو ضرورت مند کسانوں سے شیو روڈ اور پانند روڈ سے متعلق بات چیت کریں گے۔

***** **** *****

ہنومان جینتی کل ہر طرف عقیدت کے ساتھ منائی گئی۔کل علی الصبح چھتر پتی سمبھا جی نگر ضلع کے خلد آباد میں بھدرا ماروتی کا جنم دن منایا گیا۔سوئے ہوئے بھدرا ماروتی کی ایک جھلک دیکھنے کے لئے عقیدت مندوں کا ہجوم اکٹھا تھا۔سابق رکن پارلیمان اور ادھوشیوسینا کے لیڈر چندر کانت کھیرے اور بہوجنوں کی ترقی کے ریاستی وزیر اتل ساوے سمیت دیگر معززین نے کل وہاں آرتی کی۔اسی طرح چھتر پتی سمبھا جی نگر کے تمام مندروں میں مختلف مذہبی پروگرامس کا انعقاد کیا گیا۔اہلیہ نگر ضلع کے سنگمنیر میں خواتین نے ہنومان کا رتھ کھینچ کر جینتی منائی۔

***** **** *****

ناگپور ضلع کے عمریڈ دھماکہ معاملے میں ہلاک ہونے والے مزدوروں کے اہل خانہ کو فی کس 60 لاکھ روپئے اور زخمیوں کو 30 لاکھ روپیوں کے معاوضے کا اعلان کیا گیا ہے۔محصولات کے ریاستی وزیر چندر شیکھر باون کڑے نے کل ناگپور میں ایک صحافتی کانفرنس کے دوران یہ اطلاع دی۔کمپنی انتظامیہ نے مرنے والے اور زخمیوں کے وارثوں کو نوکریاں دینے کا بھی وعدہ کیا ہے۔گذشتہ جمعہ کو عمر ڈ انڈسٹریل اسٹیٹ کی ایلومنیم فوئل کمپنی میں دھماکہ سے 5 مزدور ہلاک اور 6 شدید زخمی ہو گئے تھے۔

***** **** *****

بھارت نے امریکہ کے فلوریڈا شہر میں منعقد کئے گئے تیر اندازی عالمی کپ کے ابتدائی مرحلے کے کمپاؤنڈ مکسڈ ٹرم ایونٹ میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔رشبھ یادو اور جیوتی سریکھا ونیم نے فائنل مقابلے میں چینی ٹیم کی HU AANG E JO اور CHEN CHIYE LUN کی جوڑی کو 15 کے مقابلے 153 پوائنٹس سے ہرایا۔

***** **** *****

کل پربھنی میں رابطہ وزیر میگھنا ساکورے بورڈ یکر نے جدید ترین آگ بجھانے والی گاڑیوں کو عوام کے نام وقف کیا۔ہنگامی حالات سے نمٹنے کی خاطر پربھنی شہر میونسپل کارپوریشن، گنگا کھیڑ، جنتور اور سیلو بلدیہ جات کی 3 جدید ترین رسکیو گاڑیاں دستیاب کرائی گئی ہیں۔

***** **** *****

گرمیوں کی چھٹیوں کے دوران مسافروں کے ہجوم کو مدنظر رکھتے ہوئے جنوب وسطی ریلوے نے چند خاص ریل گاڑیوں کی مدت میں اضافے کا فیصلہ کیا ہے۔اس کے تحت تروپتی سائی نگر شرڈی ٹرین آئندہ ۳۰ رجون تک چلائی جائے گی۔دادر، کازی پیٹھ ٹرین ۲۹ رجولائی تک چلائی جائے گی۔ اسی دوران پورنا، تروپتی، پورنا اور ناندیڑ، ایروڈ، ناندیڑ، ٹرین آئندہ چند دنوں تک سکندرآباد کی بجائے چرلا پلی کے راستے عارضی طور پر چلے گی۔ جنوب وسطی ریلوے کی جانب سے اس تبدیلی کو نوٹ کرنے کی مسافروں سے اپیل کی گئی ہے۔

***** **** *****

اب موسم کا حال

ریاست میں کل سب سے زیادہ درجہ حرارت اکولہ میں 42.8 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ وہیں مراٹھواڑہ کے دھاراشیو میں 39.4 ڈگری سیلسیس چھترپتی سمبھاجی نگر 39.6 ڈگری سیلسیس اور پربھنی 41 ڈگری سیلسیس تپش درج کی گئی۔ دوسری جانب محکمہ موسمیات نے آج اور کل کے لیے یلو الرٹ جاری کیا ہے۔ اس دوران چھترپتی سمبھاجی نگر، جالنہ، بیڑ، ناندیڑ، شولاپور میں بارش ہونے کی پیشن گوئی کی گئی ہے۔

::::::سرخیاں::::::

آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:

☆ ہماری حکومت دُرگ راج رائے گڑھ کو نہ صرف سیاحوں کی توجہ کا مرکز بلکہ ایک نصیحت آموز مقام بنانے کے لئے پُرعزم ہے۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کی یقین دہانی۔

☆ ریاستی حکومت بحرہ عرب میں چھترپتی شیواجی مہاراج کی یادگار کی تعمیر مکمل کرنے کی ہر ممکن کوشش کرے گی۔ وزیراعلیٰ پھڑنویس کا تیقن۔

☆ بھارت رتن ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر کی 134 ویں سالگرہ کے موقع پر مختلف پروگرامس کا انعقاد۔

☆ ہنومان جینتی کل ہر طرف منائی گئی عقیدت کے ساتھ۔

اور۔۔۔☆ بھارت نے امریکہ میں منعقدہ تیراندازی کے عالمی کپ کے ابتدائی مقابلوں کے Compound Mixed Team Event میں جیتا سونے کا تمغہ۔

***** **** *****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** **** *****